سوال

(473) اہل حدیث کے مابین اختلافات کیوں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اہل حدیث کے آپس میں اتنے اختلافات کیوں ہیں۔؟ خاص طور پر جماعت الدعوۃ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث کے کہ وہ ایک دوسرے پر منافقت تک کے الزامات لگاتے رہتے ہیں۔ ازراہ کرم تسلی بخش جواب عنایت فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

سب سے پہلے بات یہ ہے کہ اہلحدیث کی دعوت قرآن وحدیث پر مبنی ہے۔ جس پر تمام اہل حدیث جماعتیں قائم ہیں اور اگر ان میں کوئی جماعتی طور پر بظاہر اختلاف نظر آتا ہے تو محض دعوتی اسلوب کا تنوع ہے۔ جماعت الدعوۃ اور مرکزی جمعیت یہ سب اہل حدیث کی دعوت کے پلیٹ فارم ہیں اور یہ سب توحید وسنت پر کاربند ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ البتہ دعوتی طریقہ کار کے متعلق اختلاف انتظامی اور اسلوب کا اختلاف ہے نا کہ مسلکی اختلاف۔ بلکہ احناف کے اندر حنفی بریلوی، حنفی دیوبندی پھر دیوبندیوں میں حیاتی اور مماتی گروہ یہ سب مسلکی گروہ ہیں لہذا اہل حدیث میں اسلوب اور طریقہ دعوت کا اختلاف اگر ہے بھی تو اسے مسلکی اختلافات پر قیاس نہیں کیا جاسکتا۔

وباللہ التوفیق

فتاویٰ ارکان اسلام

حج کے مسائل